
# ۲۔ مجسمہ سازی (دستکاری)

## کاغذ کام:

کاغذ کاٹنا، پھاڑنا، سلوٹیں ڈالنا، تہہ کرنا، لپیٹنا، چپکانا وغیرہ جیسے کام ہمیشہ ہمیں پسند آتے ہیں۔

چلو آؤ، ہم کاغذ سے خوب صورت چیزیں تیار کریں۔ اس کے لیے ہمیں رنگین کاغذ، قینچی، گوند وغیرہ جیسی چیزوں کی ضرورت پڑے گی۔



## کاغذی پھول تیار کرنا

کاغذ کی ایک پٹی (۲ × ۲۰ سینٹی میٹر) لیں۔

- کاغذ کو دو مرتبہ گھڑی (تہہ) کریں اور پنسل سے لکیریں کھینچیں۔
- پٹی کو نچلی جانب سے لکیر تک قینچی سے کاٹ لیں۔ (دی ہوئی شکل کے مطابق)
- اب اس پٹی کو لپیٹ کر اندرونی اور باہری جانب سے دبائیں۔
- اب اس تیار کیے ہوئے پھول کو پتے اور ڈنٹھل لگائیں۔







تمھارا تیار کیا ہوا پھول گریٹنگ کارڈ پر بھی چپکایا جاسکتا ہے۔ اب اپنی پسند کے مختلف رنگوں کے پھول تیار کریں۔

## مٹی کا کام

مٹی میں کھیلنا، مٹی جمع کرنا، چھاننا، بھگونا، مٹی کو گوندھنا وغیرہ جیسے کام ہمیشہ ہمیں پسند آتے ہیں۔ تو پھر چلو، ہم مٹی سے مختلف چیزیں تیار کریں۔ اس کے لیے ہمیں مٹی، چھلنی، پانی وغیرہ جیسی چیزوں کی ضرورت ہوگی۔








- نمونے کے طور پر یہاں مٹی کی کچھ چیزیں دی ہوئی ہیں۔ پلاسٹی سن مٹی سے بنی کچھ چیزیں بھی یہاں نمونے کے طور پر دی ہوئی ہیں۔ طلبہ کو ان کی پسند کے مطابق چیزیں تیار کرنے کو کہیں۔